© rasailojaraid.com



سری نگر سے براہ راست' علامہ اقبال کا نظریہ تعلیم' وغیرہ بہت سی اہم نگارشات شریک اشاعت ہیں۔

—O—

**ماہنامہ پکارہ:** بادارت مجلس مدیران۔ بدل اشتراک پاکستان سے ۵۰ روپے۔ دفتر رابطہ ۱۲۔ فیصل سٹریٹ نمبر ۴۔بی ملت روڈ' سانده خورد' لاہور۔ زیادہ تر مسئلہ کشمیر سے متعلق مضامین۔

—O—

**نیرنگ خیال:** مدیر سلطان رشک۔ حکیم یوسف حسن کا شروع کرده رسالہ بڑی خوبی سے ندرت مضامین کے ساتھ نکل رہا ہے۔ زر سالانہ مع خاص نمبر ۱۵۰ روپے ۔ پتہ: ۸ ۔ پی ایم اے ہاؤس' لیاقت روڈ راولپنڈی۔

—O—

**افکار:** ایڈیٹر سید قاسم رسول الیاس (و مجلس ادارت دفتر (۱۵۳ / ۲۲ ۔ E ذاکر نگر جامعہ نگر' نئی دہلی ۱۱۰۰۲۵۔ زر سالانہ /۸۰ روپے۔ دیگر ممالک سے ۴۰ امریکی ڈالر۔

بھارت سے نکلنے والا یہ ضخیم رسالہ بہت سی معلومات لے کے آتا ہے اور بھارتی احوال اور وہاں کے اخباری رجحانات ' نیز کشمیر و اراکانی مسلمانوں کے حالات پر معلومات دیتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں اسے پڑھا جانا چاہیے۔

—O—

**نوائے سحر:** بادارت مجلس برائے ادارۂ نور حق' ۵۰۳ شکار پور کالونی' کراچی قیمت فی شمارہ ۴ روپے۔

—O—

**نشاۃ الثانیہ:** مدیر سید اقبال۔ پتہ: ۱۰۴ مومن اپارٹمنٹس' باندیولی ہل روڈ' جوگیشوری (ویسٹ) بمبئی ۴۰۰۰۶۰/۰۲۔ قیمت ۳ روپے۔ سالانہ زر تعاون ۳۵ روپے۔

یہ اندراج ایک پرانے پرچے پر ہے۔ شاید اب زر تعاون بڑھ چکا ہو۔ اچھے نقطہ نظر کے ساتھ بھارت کے سماجی احوال پر نوٹ اور تبصرے شائع ہوتے ہیں۔ وہاں کی شخصیتوں کا تذکرہ آتا ہے۔ اسرائیلیوں پر ایک اچھا مضمون سامنے ہے جس میں ان کے مسلمانوں کے خلاف مظالم بیان ہوئے ہیں۔

—O—



© rasailojaraid.com